ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ بنوں

NOTIFICATION

میٹرک وانٹرمیڈیٹ خصوصی امتحان (Special Exam) 2020

ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ بنوں کے ایک اعلامیہ کے مطابق کووڈ-19 کی وباء کے پیش نظر میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات 2020 کی منسوخی سے متاثر ہونے والے طلباء وطالبات کیلئے بورڈ ہذا خصوصی امتحان کا اہتمام کرے گا۔ جو حکومت کی طرف سے تعلیمی ادارے کھولنے کے ایک ہفتے بعد منعقد کیا جائے گا۔

خواہش مند طلباء وطالبات اپنی درخواست برائے مذکورہ خصوصی امتحان بنام کنٹرولر امتحانات مورخہ 20 اگست 2020 تک بورڈ ہذا کی متعلقہ ون ونڈو سیکشن میں جمع کرا سکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد کسی بھی درخواست پر عمل درآمد نہیں کیا جائے گا۔

خصوصی امتحان میں مندرجہ ذیل امیدواران حصہ لے سکتے ہیں۔

۱۔ وہ امیدواران جو نویں اور گیارھویں جماعت کی بنیاد پر دسویں اور بارھویں جماعت کیلئے دیئے گئے نمبرات سے غیر مطمئن ہیں۔

۲۔ وہ امیدواران جو منسوخ شدہ امتحانات میں نویں اور دسویں یا گیارھویں اور بارھویں جماعتوں کا مشترکہ امتحان دینا چاہتے ہیں۔

۳۔ وہ امیدواران جو اضافی مضمون/مضامین/ امپرومنٹ میں امتحان دینا چاہتے تھے۔

۴۔ وہ امیدواران جو گذشتہ امتحانات میں 40 فیصد سے زیادہ مضامین میں فیل ہو چکے ہیں۔

ضروری نوٹ:۔

الف:۔ وہ طلباء اور طلبات جن کو میٹرک / ایف اے / ایف ایس سی (9th / 11th(Part-I کی بنیاد پر نمبرات دیے گئے ہیں اور وہ اپنے نتائج سے مطمئن نہیں ہیں، ایسے طلباء وطلبات بغیر فیس داخلہ فارم اور حلفیہ بیان جمع کریں گے کہ اگر Special Examination میں موجودہ نمبرات سے نمبرات کم آئے یا فیل ہوئے تو اپنے سابقہ نتیجہ یا نمبرات کا دعویٰ نہیں کرے گا۔

ب:۔ سیریل نمبر 02 تا 06 طلباء وطلبات جو میٹرک/ایف اے/ایف ایس سی 2020 نتیجہ سے مطمئن نہیں ہیں، ایسے طلباء وطلبات اپنی مرضی کے مضامین میں امتحان نہیں دے سکیں گے۔ بلکہ مکمل امتحان دیں گے۔

درخواست اور داخلہ فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ 20-08-2020 ہے جس کے بعد کسی بھی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

مورخہ 07-8-2020.

(ناظم امتحانات)

ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ بنوں